28/06/2026

07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبروں کے بلیٹن کے ساتھ مینمسرت شاہ

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........بھارت ہر شعبے میں تیزی کے ساتھ محفوظ اور خود کفیل بنتا جا رہا ہے// وزیر اعظم نریندر مو دی کا من کی بات پروگرام میں اظہار خیال۔

*........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کی نوجوانوں کو نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے سفیر بننے کی تاکید۔

*........ ملک بھر میں 5سال تک کی عمر کے بچوں کو پلائے گئے پولیو مخالف قطرے۔

اور

*........ ملک کے چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار جمونوکشمیر کے تین روزہ دورے پر پہنچے آج سرینگر۔

من کی بات-1

طرز کےC-295وزیر اعظم نریندر مو دی نے اس بات کو اُجاگر کیا ہے کہ بھارت میں بنائے گئے ہوائی جہاز کی پہلی پرواز مکمل ہونے کے ساتھ ہی بھارت نے جون کے مہینے میں کے شعبے میں بڑی کامیابی حاصل کی ہے-Aviation

آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں اظہار خیال کر تے ہوئے وزیر اعظم نے بتایا کہ اس طرح کے40ہوائی جہاز بھارت میں تیار کئے جا رہے ہیں۔

-----PM-Cut-1-----

وزیر اعظم نے اس بات پر اطمینان کااظہار کیا کہ بھارت نے اس مہینے ملک کی سکیورٹی اور خود کفالت سے وابستہ کامیابی حاصل کی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت سمندر سے آسمان تک تیزی کے ساتھ محفوظ اور خود کفیل بنتا جا رہا ہے۔ انہوننے یوگ کے بین الاقوامی دن کا بھی ذکر کیا جس میں پوری دنیا کے لوگوں نے بھارت کی کوششوں کے ساتھ مل کر قدم بڑھایا۔

من کی بات-2

انہوننے احمد آباد میں منعقدہ عالمی یوگ آسن چمپئن شپ کا بھی ذکر کیا جہاں بھارت نے سونے کے102تمغوں سمیت مجموعی طور پر 114تمغے جیتے۔

-------PM-cut-2------

وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کی تعمیر میں عوام کی شمولیت کی طاقت بھارت کےلئے ایک بڑااثاثہ ہے۔

بی جے پی

بی جے پی کے اہتمام سے من کی بات پروگرام سننے کےلئے کئی نشستیں منعقد کی گئیں۔ بٹھنڈی جموں میں منعقد کی گئی اسی طرح کی ایک نشست میں پارٹی کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر نے بھی وزیر اعظم کا ریڈیو پروگرام سنا ۔ اس موقعے پر دیگر کئی شخصیا ت بھی موجود تھیں۔

وزیر اعظم

Seychelles کی قومی اسمبلی سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مو دی نے آج Seychelles بھارت اور کے ما بین صدیوں پُرانے تعلقات ہیں۔ انہوں نے ماحولیاتی تحفظ کو یقینی بنانے کےلئے عالمی سطح پر ٹھوس اور سنجیدہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔

------PM------

اس سے قبل وزیر اعظم نے سیشلز کے صدرپیٹرک ہرمنی کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کے دوران باہمی مفاد کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

نریندر مو دی کو ماحولیات کے تحفظ اور دائمی ترقی کے فروغ کےلئے سیشلز کے اعلیٰ ترین Guardian of the blue horizonایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔

بال تلLG

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے آج شری امر نا تھ جی یاترا کی تیاریوں کا جائزہ لینے کےلئے بال تل کا دورہ کیا۔ وہاں افسروں کی ایک میٹنگ میں انہوننے یاتریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور سکیورٹی انتظامات کے بارے میں تفصیلی جانکاری حاصل کی۔

انہوننے کہا کہ ہر شردھالو کےلئے شری امر نا تھ جی یاترا کو ایک یاد گار روحانی سفر بنانے کی خاطر تمام اقدامات کئے جائیں گے۔

منوج سنہا

اسی دوران لیفٹننٹ گورنر نے بال تل میں دیہی صفائی ستھرائی کے ڈائریکٹوریٹ کی شبم شیوم مہم کا آغاز کیا۔ اس موقعے پر انہوننے کہا کہ یہ مہم ایک پائیدار صاف و شفاف شری امرنا تھ جی یاترا کے حصول کےلئے ایک بڑا قدم ہے۔

کی Logo ایل جی نے متعدد ماحولیاتی اختراع کے ساتھ ساتھ نئی ویب سائٹ پلگرمیج اینتھم اور نقاب کشائی بھی کی۔ انہوننے کہا کہ دیہی صفائی ستھرائی کے ڈائریکٹوریٹ کے تمام اختراعی اقدامات لگن اور نظم و ضبط پر منحصر ہے اور انہیں ہر سٹاک ہولڈر کو ایمانداری اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دینا چاہئے۔

ماک ڈرل

اور دیگر سلامتی BSF شری امر نا تھ جی یاترا کی شروعات کے مد نظر کولگام میں پولیس نے ایجنسیوں کے ساتھ مل کر آج ریلوے سٹیشن قاضی گنڈ پر ایک ماک ڈرل کا اہتمام کیا۔ ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ اس ماک ڈرل کا مقصد مختلف سکیورٹی ایجنسیوں کے مابین تال میل کو مزید مستحکم بنانا تھا۔

پولیس ڈرل

اسی دوران پولیس نے لنگن بل پہلگام، ننون بیس کیمپ اور گاندربل میں بھی ماک ڈرلز کا اہتمام کیا۔

ابھیانLG

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانوں سے تاکید کی ہے کہ وہ نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے سفیر بن کر اس مہم کو کامیابی سے ہمکنار کرائیں۔ لوک بھون سرینگر میں" سیو یوتھ سیو

فیوچر فاؤنڈیشن" کے رضاکاروں کے ساتھ بات کر تے ہوئے ایل جی نے نشہ مکت ابھیان سے متعلق جانکاری عام کرنے کےلئے اس تنظیم کی سراہنا کی۔

اس موقعے پر لیفٹنٹ گورنر نے فاؤنڈیشن کی جانب سے شروع کی جا رہی مہم" ملاقات" کا بھی آغاز کیا۔ اس مہم کا مقصد مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کر کے انہیں روایات اور ثقافتی ورثے سے متعلق اپنے تجربات کو بانٹنے کا موقعہ فراہم ہو گا۔

نشہ مکت

جمونو کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کےلئے100دنوں پر مشتمل نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جا ری ہیں۔ منشیات کے خلاف ایل جی کا پیغام۔

------LG------

اس بدعت پر قابو پانے کےلئے درکار اقدامات اور لوگوں کی ذمہ داریوں کے تعلق سے ایک شہری برہان جا ویدنے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-----Burhan Javied---

پولیس نشہ

دریں اثناءمنشیات مخالف کارروائی جا ری رکھتے ہوئے پولیس نے اننت ناگ کے بجبہاڑہ قصبے میں پانپور کے رہنے والے فیاض احمد گنائی نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا۔

کریری بارہمولہ میں پولیس نے زمین ایک رقبے پر اُگائی گئی بھنگ کی کاشت کو تباہ کر دیا۔

پلس پولیو

آج ملک بھر کے ساتھ ساتھ جموں و کشمیر میں بھی پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو مخالف قطرے پلائے گئے۔ دو بوندھ زندگی کی اس مہم کے لئے جگہ جگہ پر مراکز قائم کئے گئے تھے۔

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے یوٹی سطح پر ضلع اسپتال کولگام میں ایمونائزیشن کے اس قومی پروگرام کا آغاز ایک نو زائد بچے کو یہ قطرے پلانے سے کیا۔

اس موقعے پر اظہار خیال کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ نوجوان نسل کے ایک صحت مند مستقبل کےلئے یہ قطرے کافی اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوننے محکمہ صحت کے پیشہ وارانہ افراد اور فرنٹ لائن ورکروں کو پولیومخالف پروگرام کو کامیاب بنانے کےلئے موثر تشہیر کےلئے ان کا شکریہ ادا کیا۔

ڈاکٹر افسانہ

اسی دوران ہمارے نمائندے خورشید پڑرو سے بات کرتے ہوئے ڈائریکٹر فیملی ویلفیر جمونو کشمیر ڈاکٹر افسانہ نے کہا کہ سرکار نے جمونو کشمیر میں تقریباً17لاکھ بچوں کو پولیو مخالف قطرے پلانے کے دائرے میں لانے کا ہدف رکھا ہے، جن میں10لاکھ67ہزار بچے کشمیر جبکہ8لاکھ23ہزار بچے جموں صوبے سے تعلق رکھتے ہیں۔

انہوننے کہا کہ کل اور پُرسوں محکمے کی ٹیمیں اُن بچوں تک گھر گھر پہنچیں گی جو آج کسی وجہ سے پلس پولیو مراکزپر نہ آسکے۔

----Dr. Afsana-----

جموں پولیو

اُدھر جموں میں گورنمنٹ اسپتال سروال میں ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے بچوں کو پولیو مخالف قطرے پلا کر صوبائی سطح پر اس پروگرام کا آغاز کیا۔

اس موقعے پر ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز جموں ڈاکٹر پونم سیٹھی اور دیگر سینئرافسران موجود تھے۔ ست شرما نے اظہار خیال کرتے ہوئے ملک مینپولیو مخالف مہم کی اہمیت اُجاگر کی۔ انہوننے محکمہ صحت اور جمونو کشمیر میں اس پروگرام کی عمل آوری میں مصروف فرنٹ لائن ورکروں کی ستائش کی۔

پولیو اضلاع

جموں وکشمیر کے دیگر اضلاع میں بھی بچوں کو پولیو مخالف قطرے پلانے کےلئے معقول انتظامات کئے گئے تھے۔ محکمہ صحت کے ساتھ ساتھ آنگن واڑی ورکروں کو بھی اس کام پر معمور کیا گیا تھا۔ صحت مراکز کے علاوہ یوٹی بھر میں دیگر عوامی جگہوں پر بھی بچوں کو یہ دوائی کے قطرے پلانے کےلئے مراکز قائم کئے گئے تھے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

الیکشن کمشنر

ملک کے چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار جموںوکشمیر کے تین روزہ دورے پرآج سرینگر پہنچ گئے۔ دورے کے دوران وہ چناؤ سے متعلق بنیادی سطح کے اقدامات کا جائزہ لینے کے علاوہ رائے دہند گان اور دیگر متعلقہ عملے سے بات چیت کریں گے۔

ہوائی اڈے پر جموں وکشمیر کے چیف الیکٹورل آفیسر سنجیو ورما، ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان اور دیگر سینئر افسران نے اُن کا استقبال کیا۔ نامہ نگاروں سے بات کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ وہ جمونو کشمیر کے ووٹروں کے ساتھ ساتھ بڈگام کے بوتھ لیول آفیسر وں سے بات چیت کریں گے۔ انہوننے بوتھ لیول آفیسروں کو الیکشن کمیشن کے بنیادی ستون قرار دیا ۔

--Gyanesh Kumar--

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے آج اکھنور جموں میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا۔انہوننے کہا کہ سرکار جمونو کشمیر کے ہر خطے کی یکساں ترقی کےلئے پُر عزم ہے۔

بعد میں ایک عوامی در بار کے دوران وزیر موصوف نے لوگوں کو درپیش مسائل اور ان کے مطالبات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ وزیر نے جائز عوامی مطالبات پورا کرنے کا یقین دلایا۔

ناصر اسلم

سرکار نے بھرتی عمل اور اسامیوں کی آوٹ سورسنگ کے حوالے سے پھیلائی جا رہی خبروں کی تردید کی ہے۔ آج ایک پریس کانفرنس کے دوران وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے کہا کہ سرکار نے جمونو کشمیر میں 40ہزار خالی اسامیوں کو صاف و شفاف اور میرٹ کی بنیاد پرپُر کرنے کےلئے ایک مشن شروع کیا ہے جو بہت جلد پایہ تکمیل تک پہنچ جائے گا۔

خراج

وزیر اعظم نریندر مو دی اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے ملک کے سابق وزیر اعظم آنجہانی پی وی نرسمہا راؤ کو ان کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ آنجہانی نے ایک قابل ایڈمنسٹریٹر کے طور اپنی پہچان بنائی تھی۔

وزیر دفاع نے کہا ہے کہ پی وی سمہا راؤ کی ملک کے تئیں خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

ایرانUS

مغربی ایشیاءمیں سکیورٹی کی صورتحال ایک بار پھر بگڑ گئی ہے۔ دونوں ملکوں کی افواج ایک دوسرے پر حملے کر رہی ہیں۔ امریکہ نے کہا ہے کہ اس نے آبنائے ہرمز کے نزدیک ایران کے10فوجی ٹھکانوں پر فضائی حملے کئے ہیں۔

اُدھر اطلاعات کے مطابق ایران نے کویت اور بحرین میں فوجی ٹھکانوں کو نشانہ بناتے ہوئے میزائل اور ڈرون حملوں کے ساتھ چند گھنٹوں میں ہی جوابی کاروائی کی۔

فاروق عبداللہ

اس دوران نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن کو نقصان پہنچانے والے عناصر کو بے نقاب کیا جانا چاہئے۔

انہوننے اُمید ظاہر کی ہے کہ تمام فریق دانشمندی کے ساتھ سفارت کاری کو ترجیح دیتے ہوئے خطے میں دیر پا امن اور باہمی احترام کی راہ ہموار کریں گے۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جمونکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے کہا ہے کہ سرکار یوٹی میں سڑکوں کی تعمیر و تجدید اور ان کے رکھ رکھاؤ میں ناکام ہو گئی ہے۔

انہوننے کہا کہ جدید اور محفوظ سڑکیں عوام کا حق ہے اور سرکار کو اس جانب فوری توجہ دینی چاہئے۔

ساگر کلچرل فورم

ساگر کلچرل فورم نامی ادبی تنظیم نے وادی کے سکولوں میں کشمیری زبان کی درسی کتابوں کی عدم دستیابی کا الزام عائد کر تے ہوئے سرکار سے اس بارے میں مناسب اقدامات کرنے کی اپیل کی ہے۔

**پونچھ**

پونچھ میں 5روزہ پیس ایجوکیشن ورکشاپ اختتام پذیر ہوا ہے۔ اس کا اہتمام ضلع انتظامیہ نے پریم راوت فاؤنڈیشن کے اشتراک سے کیا تھا۔ ورکشاپ میں امن ، شناخت اور خود آگاہی کے موضوع پر تبادلہ خیال ہوا۔

اختتامی تقریب میں ضلع ترقیاتی کمشنر اشوک کمار شرما نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔

**امداد**

آپریشن Amistad کے تحت بھیجی گئی بھارت امداد وینزولا پہنچ گئی ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے امید ظاہر کی ہے کہ فیلڈ اسپتال، یونٹ، امدادی رسد، دواؤں اور طبی ساز و سامان سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کوششوں کو تقویت ملے گی۔

**موسم**

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت33.8ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت19.7ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت22.5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 22 منٹ اور

غروب آفتاب شام7 بجکر46منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبرونکا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

**خدا حافظ**

........................................

........................

.........